South West London
Health & Care Partnership

NHS

مریضوں کے لیے ہدایات
اپنا نمونہ لینے کے لیے

اس سے پہلے کہ آپ شروع کریں
آپ کے معالج نے آپ کو یہ ٹیسٹ جتنا جلدی ممکن ہو سکے مکمل کرنے کے لیے کہا ہے۔
اگر آپ حیض (ماہواری) کی حالت میں ہوں تو براہ کرم اس ٹیسٹ کو مکمل نہ کریں، ماہواری ختم ہونے کا انتظار کریں اور ختم ہونے کے بعد ٹیسٹ کریں۔ براہ کرم نیلا / کالا پین استعمال کریں۔

FIT (فیکل امیونوکیمیکل ٹیسٹ) ایک ایسی تفتیش ہوتی ہے جس میں پاخانہ (پاٹی) کے اندر خون کی موجودگی کا پتہ چلایا جاتا ہے اور یہ ٹیسٹ تب کیا جاتا ہے جب پاخانہ میں خون کی مقدار نہایت کم ہو اور وہ آنکھ سے نظر نہ آتا ہو۔آپ کے معالج نے اس ٹیسٹ کا اس لیے کہا ہے تاکہ آپ کی علامات کے مطابق اگر کینسر ہو، تو اس کا قبل از وقت پتا چلایا جا سکے۔ اگر آپ سفر پر جانا چاہتی ہوں یا چھٹیاں گزارنا چاہتی ہوں، تو اپنے معالج کو بتا دیں۔

FIT کِٹ میں نمونہ کی ایک ٹیسٹ ٹیوب، سبز رنگ کا پاؤچ اور ایک درخواست فارم موجود ہوتا ہے۔ آپ کو یہ ٹیسٹ مکمل کر کے جتنا جلدی ممکن ہو سکے اپنی جی پی پریکٹس کو واپس کرنا چاہیے۔ اپنا پاخانہ (پاٹی) ڈالنے کے لیے براہ کرم درج ذیل مرحلہ وار ہدایات پر عمل کریں۔

1- اپنے نمونہ کو لیبل کریں



سٹن، مرٹن، رچمونڈ، کنگسٹن، وینڈس ورتھ اور سُرّے ڈاؤنز (ایپسم اور ایسٹ ایلم برج) سے تعلق رکھنے والے مریض: آپ کا لیبل آپ کو درخواست فارم پر مہیا کیا جائے گا۔ ٹیسٹ ٹیوب سے لیبل اور اسٹک کو ہٹا دیں۔ براہ کرم چیک کریں کہ وہ ٹھیک ہیں اور اس کے بعد درخواست فارم پر نشان دہی کردہ جگہ پر پاخانہ (پاٹی) ڈالنے کی تاریخ لکھیں۔

کرائیڈن سے تعلق رکھنے والے مریض: براہ کرم درخواست فارم پر نشان دہی کردہ جگہ پر اپنا نام (N) (تاریخ پیدائش اور پاخانہ (A) (پاٹی) ڈالنے کی (D) تاریخ لکھیں۔

2- پاخانہ (پاٹی) کا نمونہ کیسے ڈالا جائے

یہ بات یاد رکھیں کہ آپ کے پاخانہ (پاٹی) کے نمونہ کو ٹائیلٹ کا پانی نہ لگے۔

3- اپنے پاخانے (پاٹی) کا نمونہ پاخانہ اٹھانے والی ڈیوائس کے ساتھ اٹھائیں

نمونہ ڈالنے کی ٹیوب کا ڈھکن گھڑی کی سوئی کی مخالف سمت میں گھمائیں، اسٹک کو ہٹائیں اور اسٹک کے کنارے کو پاخانہ (پاٹی) پر اس طرح رکھیں کہ اس کی جھریاں اندر دھنس جائیں۔ اسٹک پر بہت کم مقدار میں پاخانہ (پاٹی) اٹھانا چاہیے۔



توجہ فرمائیں: براہ کرم درخواست فارم پر نمونہ ڈالنے کی تاریخ ضرور لکھیں

ہدایات اگلے صحفہ پر جاری ہیں...

4۔ ٹیسٹ ٹیوب نمونہ کو بند کر کے سِیل کر دیں



نمونہ اٹھانے کی اسٹک کو واپس ٹیوب میں ڈال دیں۔ دھیان رہے کہ ٹیوب مکمل طریقے سے بند ہو اور اس کو درخواست فارم کے ساتھ پلاسٹک بیگ میں ڈال دیں۔ براہ کرم چیک کریں کہ آپ نے نمونہ ڈالنی کی تاریخ لازمی لکھی ہوئی ہو۔

اپنے ہاتھوں کو دھونا ہر گز نہ بھولیں!

5۔ اپنا نمونہ حوالے کر دیں

اپنا درخواست فارم اور نمونہ اپنی جی پی پریکٹس میں لے جائیں اوراسے اپنے معالج سے حاصل کرنے کے بعد **3 دن کے اندر اندر**جی پریکٹس کے استقبالیہ پر جمع کروا دیں۔

6۔ نتائج

آپ کے جی پی کو 7 دن کے اندر ٹیسٹ کا نتیجہ موصول ہو جائے گا اور اگر آپ کی کنسلٹیشن کا تقاضہ ہوا، تو وہ آپ سے رابطہ کر کے نتیجہ کے بارے میں آپ سے بات چیت بھی کریں گے۔

اپنے کیلنڈر پر نشانی لگا لیں اور اگر آپ کے ساتھ آپ کی جی پی پریکٹس کی جانب سے 2 ہفتوں کے اندر رابطہ نہیں کیا جاتا، تو براہ کرم آپ خود ان سے رابطہ کریں۔

اگر آپ کے ٹیسٹ کا نتیجہ نارمل/منفی ہو مگر پھر بھی آپ کو تکلیف محسوس ہو رہی ہو، تو براہ کرم ایک اپوائنٹمنٹ بُک کرنے کے لیے اپنی جی پی پریکٹس سے رابطہ کریں۔

براہ کرم چیک کریں کہ آپ نے تمام مراحل مکمل کر لیے ہیں
اپنا نمونہ اپنی جی پی پریکٹس پر لے جائیں اور استقبالیہ پر جمع کروا دیں

ٹرانسفارمنگ کینسر سروسز ٹیم فار لندن (TCST) اور ساؤتھ ویسٹ لندن ہیلتھ اینڈ کیئر پارٹنرشپ
ورژن 06 نومبر 2019